URDU

حقائق کو جانیں

کورونا وائرس کے مرض (COVID-19) کے بارے میں

COVID-19 کورونا وائرس کی وجہ سے ہونے والی ایک بیماری ہے۔ انسانی کورونا وائرس عام ہیں اور عموما عام زکام سے مشابہ معمولی بیماریوں سے وابستہ ہوتے ہیں ۔

انسانی کورونا وائرس کی علامات کافی معمولی یا زیادہ سنگین ہو سکتی ہیں، جیسے:

بخار

کھانسی



سانس لینے میں پریشانی

وائرس کی زد میں آنے کے بعد علامات ظاہر ہونے میں 14 دن تک لگ سکتے ہیں۔

کورونا وائرس زیادہ عمومی طور پر کسی متاثرہ فرد سے پھیلتے ہیں بذریعہ:

- آپ کے کھانسنے یا چھینکنے کے وقت تنفسی قطرے
- قریبی شخصی رابطہ، جیسے ہاتھوں کو چھونا یا مصافحہ کرنا
- کوئی ایسی چیز چھونا جس پر وائرس ہو، اس کے بعد اپنے ہاتھوں کو دھونے سے پہلے اپنی آنکھوں، ناک یا منہ کو چھونا

ہواداری کے نظام یا پانی کے ذریعے اس وائرس کے پھیلنے کا علم نہیں ہے۔

انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کا بہترین طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

- اپنے ہاتھوں کو اکثر صابن اور پانی سے کم از کم 02 سیکنڈ تک دھوئیں؛
- اپنی آنکھوں، ناک یا منہ کو، خاص طور پر بغیر دھلے ہوئے ہاتھوں سے چھونے سے بچیں؛
- بیمار لوگوں کے ساتھ قریبی رابطے سے بچیں؛
- اپنے ہاتھوں پر نہیں بلکہ اپنی آستین میں کھانسیں اور چھینکیں؛ اور
- اگر آپ بیمار ہوں تو گھر پر رہیں تاکہ دوسروں تک بیماری کو پھیلانے سے بچا جا سکے۔

کورونا وائرس سے متعلق مزید معلومات کے لیے:

1-833-784-4397

canada.ca/coronavirus

phac.info.aspc@canada.ca

Agence de la santé publique du Canada
Public Health Agency of Canada
Canada